بسم الله الرحمن الرحيم

# مرکز قرآن و سنہ


## جماعت اسلامی کراچی

501 قائدین کالونی، نزد اسلامیہ کالج، کراچی

إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللّٰهِ الإِسْلَامُ

اللہ کے نزدیک دین تو اسلام ہی ہے

(آل عمران : ١٩)




شعبہ تربیت

بحریہ

# دینیات

## اسلام کی جامع، مختصر اور عام فہم تشریح

وزارت تعلیم حیدر آباد کی دعوت پر دسویں کلاس کیلئے لکھی گئی

یہ کتاب سب سے پہلے ۱۹۳۷ میں شائع ہوئی جامعیت، اختصار اور عام فہمی کی وجہ سے اسکولوں اور کالجوں میں نصاب کا حصہ بنایا گیا۔ دنیا کی کافی زبانوں میں ترجمہ ہوا اور مسلم ممالک میں نصاب میں پڑھایا گیا۔

1. اسلام
2. ایمان اور اطاعت
3. نبوت
4. ایمان مفصل
5. عبادات
6. دین اور شریعت
7. شریعت کے احکام

# سوالات

1. اسلام اور ایمان میں کیا فرق ہے ؟
2. نبی ﷺ کے سچا ہونے کا ثبوت کیا ہے ؟
3. عبادت کا مفہوم کیا ہے؟
4. شریعت کیا ہے؟
5. مسلمانوں کا آج سب سے بڑا مسئلہ کیا ہے؟
6. فقہ اور تصوف میں کیا فرق ہے؟
7. بندوں کے حقوق کیا ہیں؟

# 1۔ دین اسلام

شخصیت کے نام پر نہیں-اسلام کے معنی اطاعت اور فرمابرداری کے ہیں

اسلام کی حقیقت : کائنات کی ہر چیز مسلمان ہے

انسان کی دو حیثیتیں ہیں : پہلی :وہ پیدائشی مسلم ہے۔ مسلم ہونے پر مجبور ہے دوسری حیثیت میں مسلم ہونا ,نہ ہونا اسکے اختیار میں ہے

اختیاری طور پر اسلام قبول کرنے والا :پوری کائنات کے ساتھ مسلم ہو جاتا ہے۔

# اسلام کے فائدے

1. کردار: فکر صحیح، کردار کھرا، نظر پاک، زبان سچی، شخصیت ہر دلعزیز
2. معاشرہ : ٹھیک ہو جائے گا۔ایسے لوگ کبھی محکوم بن کر نہیں رہ سکتے
3. آخرت : سب سے بڑھ کر آخرت کی کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے
4. فلاح انسانیت: مسلمان ٹیکنالوجی کو نقصان نہیں فائدے کیلئے استعمال کرتا ہے

# کفر کی حقیقت اور نقصان

1. کفر ظلم اور جہالت ہے-کافر حق کو چھپاتا ہے
2. کفر کائنات کی حقیقتوں کا انکار ہے
3. کافر اپنے جسم سے فطرت کے خلاف کام لیتا ہے۔یہ ناشکری ہے،نافرمانی ہے۔نمک حرامی ہے
4. اجتماعیت: کفر سے معیشت،عدالت،سیاست میں فساد بر پا ہو جاتا ہے

# 2۔ ایمان اور اطاعت

- ایمان کے معنی جاننے اور ماننے کے ہیں
- اسلامی تعلیمات کو جان کر اور مان کر عمل کرنے کا نام اطاعت ہے
- ایمان اور اطاعت کیلئے علم حاصل کرنا ضروری ہے
- علم کہاں سے حاصل ہو گا؟ قرآن، حدیث سے

# ایمان اور اطاعت

- کتنا علم حاصل کرنا ضروری ہے؟
- اللہ اور اس کی صفات کا علم۔ تاکہ شرک سے بچ سکے
- حقوق و فرائض، حلال و حرام کا علم
- اللہ کی مرضی پر چلنے کا فائدہ اور نہ چلنے کا نقصان کیا ہو گا

# ایمان اور اطاعت

اطاعت کے بغیر
ایمان بے معنی

ایمان اور اطاعت کے لحاظ سے انسانوں کے چار درجے ہیں

1. سچے ایمان کے ساتھ مکمل اطاعت: اصلی مسلمان (خلوص اور عمل)
2. کمزور ایمان (مجرم)، نامکمل اطاعت (گناہ گار) باغی نہیں۔ سزا ملے گی
3. ایمان نہیں (باغی) مگر عمل اچھا: بادشاہ کو نہیں مانتے مگر عمل بظاہر اچھے ہیں
4. نہ ایمان، نہ عمل: یہ باغی اور فساد کرنے والے ہیں

کمزور ایمان کو کیسے مضبوط کیا جائے؟

# 3۔ نبوت

- ضرورت: انسانوں کو رہنمائی کیلئے پیغمبر کی ضرورت ہے-انسانی عقل کافی نہیں
- انسان سے خدا تک کا راستہ: خط مستقیم "دو نقطوں کے درمیان حق کا راستہ صرف انبیاء ہی بتا سکتے ہیں
- نبی کی پہچان: اعلی اخلاق و کردار، معاوضہ نہیں مانگتے، دوسروں کی اصلاح کیلئے تکالیف برداشت کرتے ہیں
- نبی کی اطاعت- خواہ فائدہ اور حکمت سمجھ میں نہ آئے۔روزے کے فائدے، شہادت کے فائدے!
- انبیاء کی حقانیت کا ثبوت ۔ شہر، زبان اور زمانہ مختلف لیکن پیغام ایک

# نبوت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ثبوت

- **کردار:** 40 سال کی مثالی زندگی
- **امی:** کوئی استاد نہیں لیکن حکمت ودانائی کی باتیں کی۔ احادیث کی زبان قرآن سے مشکل ہے
- **کوئی معاوضہ نہیں مانگا:** بلکہ تکالیف برداشت کیں
- **معجزے اور پیش گوئیاں:** صحیح ثابت ہوئیں
- **اس کے باوجود وہ لوگ ایمان نہیں لاتے**، جن کے دل میں تکبر ہوتا ہے، جو گناہوں اور خواہشات، اور باپ داد کی پیروی چھوڑنا نہیں چاہتے اور جو خواہشات کے بندے ہوتے ہیں

# ختم نبوت

## نئے نبی کی ضرورت کب پڑتی ہے؟

- جب تعلیمات نامکمل ہوں۔ جب تعلیمات مٹ گئی ہوں
- پچھلے نبی کی تعلیمات ایک خاص قوم کے لئے ہوں
- ان حقائق کی روشنی میں محمد ﷺ کے بعد نبی کی ضرورت نہیں
- داعی کی ضرورت ہے جو نبی کی تعلیمات پر عمل کروائیں، نفاذ شریعت کی جدوجہد کریں

# 4۔ ایمان کی تفصیل۔ایمان مفصل

- ایمان باللہ اور ایمان بالرسالہ
- آسمانی کتابوں اور فرشتوں پر ایمان
- آخرت اور تقدیر پر ایمان

# ایمان کی تفصیل

1۔ایمان باللہ لاالہ الااللہ آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان نے ہر زمانے میں اللہ کو مانا ہے

- اللہ اسم ذات ہے۔الہ کے معنی ہیں جو

1- مستحق عبادات ہو 2 -لا محدود قدرت کا مالک 3- محتاج نہ ہو بلکہ دینے والا ہو

- یہ سب خصوصیات ایک ہستی میں جمع ہوں تو وہ الہ ہے
- دو خدا ہونگے تو لڑائی ہو جائے گی

**ایمان مجمل:**
اللہ پر اس کی تمام صفات اور کمالات کے ساتھ ایمان

# ایمان مفصل - ایمان باللہ کے فائدے

1. اللہ کی عظمت - علم میں اضافے کے ساتھ عظمت بڑھتی چلی جا رہی ہے - Galaxis
2. جھک جانے اور عبادت کرنے کو جی چاہتا ہے
3. شرک سے دور ہو جاتا ہے
4. ساری دنیا سے بے نیاز اور بے خوف ہو جاتا ہے
5. غرور نہیں کرتا کیونکہ وہ جانتا ہے کہ سب کچھ اللہ کا دیا ہوا ہے

# ایمان مفصل

## 2۔رسولوں پر ایمان

- تمام انبیاء نے ایک ہی بات کی اسلئے ایک کا انکار سب کا انکار ہے
- محمد ﷺ پر ایمان تین حیثیتوں سے
- 1- سچے نبی 2- مکمل ہدایت لائے 3- آخری نبی

## 3۔فرشتوں پر ایمان

گناہوں سے پاک، ان میں سے ایک جبرائیل ہیں جو انبیا کی جانب بھیجے گئے

## 4۔کتابوں پر ایمان

- صحف ابراہیم، توریت، زبور، انجیل، قرآن

# ایمان مفصل

## گزشتہ کتابیں

- اصلی نسخے گم ہو گئے۔ اگر ہیں تو ملاوٹ زدہ
- کب نازل ہوئی نہیں معلوم
- کس زبان میں نازل ہوئی نہیں معلوم
- خاص قوم کی طرف نازل ہوئی
- کچھ باتیں غیر سائنٹیفک اور غیر اخلاقی ہیں

## قرآن

- اصل الفاظ محفوظ، خالص
- معلوم ہے کب نازل ہوئی
- کس زبان میں نازل ہوئی
- پوری انسانیت کیلئے
- کوئی چیز غلط ثابت نہیں ہوئی

# ایمان مفصل

5۔ **آخرت پر ایمان** - اس کے بغیر عمل ٹھیک نہیں ہو سکتا۔ جتنا یقین اتنا عمل قیامت ، حشر، اعمال کا وزن، پھر جہنم و جنت کا فیصلہ ہو گا زندگی بعد موت کا قرآن میں جا بجا ذکر

6۔ **تقدیر پر ایمان** - بہادر بنا دیتا ہے۔ سکون و اطمینان عطا کرتا ہے

ان چھ پر ایمان لا کر ایک شخص مسلمانوں کے گروہ میں داخل ہو جاتا ہے

لیکن ابھی پورا مسلمان نہیں ہوا - پورا مسلمان کب؟ جب عمل ایمان کے مطابق ہو

# 5۔ عبادات

- عبادت کے معنی بہت وسیع ہیں
- اللہ کی اطاعت میں بندہ جو کام بھی کرے عبادت کہلاتی ہے
- معاملات ،لین دین ، حلال کمانا، کھانا پینا سونا جاگنا، بات چیت سب اللہ کے بنائے ہوئے قوانین کے مطابق کرنا اصل عبادت ہے
- نماز، روزہ، زکٰوۃ اور حج اس اصل عبادت کیلئے تیار کرتے ہیں

# فرض عبادات

- نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کو ارکان دین کہا گیا ہے
- یہ عبادات دین کا ستون ہیں
- ان پر اسلامی زندگی کی عمارت قائم کی گئی ہے
- اس کو توڑ دو گے تو اسلام کی عمارت کو گرا دو گے
- یہ عبادات مسلمان کو پوری زندگی کی عبادت کیلئے تیار کرتی ہیں

# نماز

- پانچ وقت زبان و عمل سے اعادہ کرنا۔ جس پر ایمان لائے ہیں اسکی اطاعت کا عہد تازہ کرنا
- خوشنودی کی طلب اور غضب سے بچنے کی خواہش
- دن میں پانچ بار اسلام کی عمارت کی بنیاد کو مضبوط کرنا
- مسلمانوں میں اتحاد اور برابری، اجتماعیت، ڈسپلن، ہمدردی اور یگانگت پیدا ہوتی ہے
- جو نماز کو فرض سمجھتا ہے مگر ادا نہیں کرتا وہ سخت ناقابل بھروسہ آدمی ہے

# روزہ

- سال میں ایک ماہ کی مشق ہے
- صبح سے شام تک بھوکا رہ کر اللہ کے حاضر و ناضر ہونے کو مانتا ہے
- آخرت کی زندگی اور اللہ ،رسول اور قرآن کی اطاعت کا اظہار
- غریبوں کی خدمت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے
- وفاداری، نیک چلنی، امانت داری اور قانون کی پابندی کا امتحان ہے

# روزہ

- امیروں کی دولت سے اللہ کی خاطر غریبوں کے لیے اڑھائی فی صد مقرر۔ تقوی
- اس سے زیادہ دینا احسان ہے
- مسلمانوں میں خدا کی خاطر قربانی اور ایثار کی صفت پیدا کرنا
- اللہ اگر تمہیں ضرورت سے زیادہ رزق دے تو اس کو سمیٹ کر نہ رکھو

# حج

- بہت بڑی عبادت، تمام عبادتوں کا مجموعہ ہے
- مسلمان خواہ دنیا کے کسی کونے میں رہتا ہو اور استطاعت رکھے تو اس پر حج فرض ہے
- ہر رنگ و نسل کے مسلمانوں کی سب سے بڑی کانفرنس
- دنیا بھر کے مسلمانوں میں اتحاد پیدا کرنے کا ذریعہ

# حمایت اسلام

- مسلمان ہونے کا مطلب یہ ہے کہ تم میں ایمانی غیرت، اسلام کی محبت اور اپنے مسلمان بھائیوں کی سچی خیر خواہی ہو۔ خدمت خلق کا کام
- دنیا کا کوئی کام کرو اسلام اور مسلمانوں کا مفاد پیش نظر رکھو۔ ہر قربانی کے لیئے تیار رہو
- حمایت اسلام کا ایک شعبہ جہاد ہے۔ جہاد کا ایک شعبہ قتال ہے
- اللہ کے کلمے کی سربلندی کے لئے مال زبان قلم اور ہاتھ پاؤں سے کوشش کرنا بھی جہاد ہے

# 6۔ دین اور شریعت

- ایمان اور عبادت کے مجموعے کا نام دین ہے —دین نظام زندگی ہے
- عبادت کے طریقے، معاشرت کے اصول، معاملات اور تعلقات، حلال و حرام، جائز و ناجائز کے قوانین کے مجموعے کا نام شریعت ہے
- ہر نبی کا دین ایک تھا لیکن شریعتیں مختلف رہی۔اب پرانی شریعتیں منسوخ ہو گئی

# دین اور شریعت

- اللہ نے نبی ﷺ کو جو شریعت دی وہ اب تمام دنیا کے انسانوں کے لئے ہے
- شریعت میں احکامات ہیں۔(قوانین جو قرآن و حدیث میں آئے)
- ہمارے لئے احکام شریعت معلوم کرنے کے ذرائع کیا ہیں
- قرآن،حدیث،اجتہاد،اجماع(مثال؟)

# دین اور شریعت

- اللہ نے نبی ﷺ کو جو شریعت دی وہ اب تمام دنیا کے انسانوں کے لئے ہے
- شریعت میں احکامات ہیں۔(ان قوانین کی کتاب جو قرآن و حدیث میں آئے)
- ہمارے لئے احکام شریعت معلوم کرنے کے ذرائع کیا ہیں

قرآن، حدیث، فقہ / اجتہاد، اجماع (مسئلہ قادیانی)

# فقہ

- قرآن و حدیث کے احکامات پر غور کر کے بزرگان دین نے عام لوگوں کی آسانی کے لیئے قوانین مرتب کر دیئے ان کو فقہ کہتے ہیں
- امام ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ کی فقہ رسول اللہ ﷺ کے بعد دو سو سال کے اندر مرتب ہوئی
- اہلحدیث: براہ راست مسائل اخذ کرتے ہیں یا کسی عالم سے پوچھتے ہیں

# تصوف

- فقہ کا تعلق انسان کے ظاہری عمل سے ہے۔ جیسے وضو ٹھیک کیا یا نہیں
- تصوف یہ دیکھتا ہے کہ عبادت میں تمھارے دل کا حال کیسا تھا۔ تمھارے اندر خلوص اور جذبہ اطاعت کتنا تھا؟ عبادت کو خلوص سے انجام دینے کا نام تصوف ہے
- قرآن میں اسے تزکیہ ، حدیث میں احسان اور بعد میں تصوف کہا گیا
- اسلام میں کسی ایسے تصوف کی جگہ نہیں جس میں شریعت کی پابندی نہ ہو

# 7۔ احکام شریعت۔ حقوق کیوں؟

- اصولی باتیں

1. اللہ انسان کی کسی قوت کو ضائع نہیں کرنا چاہتا
2. کسی جائز خواہش اور جذبہ کو مٹانا نہیں چاہتا
3. دنیا کو چھوڑ کر جنگلوں پہاڑوں میں بھوکا ننگا رکھ کر مشکلات میں نہیں ڈالنا چاہتا
4. جو چیزیں انسان کے لیے نقصان دہ ہیں ان کو حرام جو مفید ہیں ان کو حلال قرار دیا گیا

- شریعت کی رو سے ہر انسان پر چار طرح کے حقوق عائد ہوتے ہیں

# حقوق کی چار قسمیں

- **اللہ کے حقوق:** کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہرائے
- جو ہدایت رسول اللہ ﷺ کے ذریعے پہنچی ان کو سچے دل سے تسلیم کرے
- اللہ کی فرمانبرداری اور عبادت کرے
- جب ضروری ہو جہاد بھی کرے۔ یہ بھی عبادت ہے۔ بڑے نقصان سے بچنے کیلئے چھوٹے نقصان کو گوارا کیا گیا جیسے چند لوگوں کی ہلاکت سے پورے ملک میں امن قائم کیا جائے

# حقوق کی چار قسمیں

- **نفس کے حقوق:** اپنے اوپر ظلم نہ کرے۔ بہت زیادہ جسمانی اور روحانی ریاضتیں نہ کرے۔ نشہ آور چیزیں، اور حرام کھانے اور خودکشی سے منع کیا گیا
- **بندوں کے حقوق:** چوری، غیبت، جوا، دھوکہ، قتل، زنا، خاندانی نظام کی پابندیاں، میاں بیوی کے حقوق، صلہ رحمی، اہل محلہ، وراثت کے قوانین، قومی اخلاق، فحاشی، غیر مسلموں کی نقالی سے منع کیا گیا
- **جانوروں کے حقوق:** تکلیف نہ دو۔ دھار تیز ہو۔ دوسرے جانور کے سامنے ذبح نہ کرو

# پروگرام کا خلاصہ اور سوالات

| | |
|---|---|
| 1 اسلام اور ایمان میں کیا فرق ہے؟ | پانچ اور چھ چیزوں کا نام |
| 2 نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سچا ہونے کا ثبوت کیا ہے؟ (اور کسی داعی) | امی، کردار، بلا معاوضہ، تکالیف، معجزے |
| 3 عبادت کا مفہوم کیا ہے؟ | معاملات لین دین، کمانا۔ کھانا پینا سونا جاگنا سب اللہ کے بنائے ہوئے قوانین کے مطابق پوری زندگی گزارنا عبادت ہے |
| 4 شریعت کیا ہے؟ اس کے ذرائع کیا ہیں | عبادات کے طریقے۔ معاشرت معاملات تعلقات کے قوانین۔ حرام حلال کے حدود۔ قرآن اور حدیث فقہ واجتہاد اور اجماع |
| 5 مسلمانوں کا آج سب سے بڑا مسئلہ کیا ہے؟ | کمزور ایمان، ناقص تعلیم وتربیت، بری صحبت |
| 6 فقہ اور تصوف کیا ہے؟ | ظاہری حالت اور دل کی کیفیت سے بحث |
| 7 بندوں کے حقوق کیا ہیں؟ | چوری، غیبت، الزام، لاٹری، سود، فتنہ، میاں بیوی، صلہ رحمی |

# جزاکم اللہ خیرا

آپ میں سے کون یہ پریزنٹیشن دینا چاہے گا؟